**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

**مینڈیٹ چور سرکار کے وزیروں کی جانب سے تحریک انصاف اور بانی چیئرمین عمران خان کو نشانۂ جبر و انتقام بنائے رکھنے کے حوالے سے بیانات کا معاملہ**

پاکستان تحریک انصاف نے احسن اقبال کے بعد رانا ثناءاللہ کے بیان کو عدلیہ، آئین اور قانون کی مکمل بے توقیری اور نظامِ عدل کی باضابطہ تدفین کا نتیجہ قرار دے دیا

انتخاب ہارنے والے مینڈیٹ چور کسی آئینی و قانونی جواز کے بغیر عمران خان کو 5 سال جیل میں رکھنے اور تحریک انصاف کو سیاسی حقوق سے محروم رکھنے کے منصوبوں کا برملا اظہار کر رہے ہیں،

عمران خان پاکستان کے شہری، کروڑوں پاکستانیوں کے نمائندہ قائد اور تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی منتخب سیاسی و پارلیمانی جماعت ہے، ریاست پچھلے دو برس سے بالعموم اور 8 فروری کے انتخاب پر ڈاکہ ڈالنے کے بعد سے بالخصوص عمران خان اور تحریک انصاف کے خلاف ایک کے بعد ایک غیر آئینی اور غیر قانونی منصوبے بنا رہی ہے، تا حق قید اور اپنے اور اپنی جماعت کے خلاف ریاست کی لاقانونیت کے باوجود عمران خان اور تحریک انصاف پاکستان کے نظامِ عدل سے انصاف کی امید لگائے ہوئے ہیں، عدلیہ اگر خود غیر جمہوری، غیر سیاسی، غیر نمائندہ اور دستور بیزار مقتدرہ کے قدموں میں ہتھیار ڈال کر ریاست میں عدل و انصاف کے بنیادی فریضے سے بے نیاز نہیں ہو چکی تو حکومت کے وزیروں کے اشتعال انگیز بیانات کا نوٹس لے، تحریک انصاف کے کارکنان اور عوام رانا ثناء اور اس کے مجرم سیاسی قائد سے اچھی طرح نمٹ چکے ہیں اب ان کے ریاستی ناخداؤں سے بھی نمٹ لیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ